**recycle** for Glasgow
**ath-chuairtich** do Ghlaschu

# آپ کی ری سائیکلنگ سروس تبدیل ہو رہی ہے

**Urdu: Your recycling service is changing**



**ہر وہ چیز جو آپ کو جاننے کی ضرورت ہے**

Glasgow CITY COUNCIL

**glasgow.gov.uk/recycling**

**#LetsGetGlasgowRecycling**

# ہم آپ کے گھر پر ری سائیکل کرنے کا طریقہ تبدیل کر رہے ہیں

گلاسگو ایک کوڑے کرکٹ سے پاک شہر بننے کا ارادہ رکھتا ہے۔ مئی 2019 میں موسمیاتی ہنگامی صورتحال کا اعلان کرنے کے بعد، شہر 2030 تک کاربن نیوٹرل بننے کے لیے پرعزم ہے۔

ہم اپنے کوڑا کرکٹ کو زیادہ ری سائیکل کر کے یعنی دوبارہ قابل استعمال بنا کر ان مقاصد کو حاصل کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ ری سائیکلنگ یعنی دوبارہ قابل استعمال بنانے کا عمل کاربن کے اخراج کو کم کرنے میں مدد کر سکتا ہے-خام مال کے استعمال کی نسبت ری سائیکل شدہ مصنوعات بنانے میں کم توانائی صرف ہوتی ہے۔

اس لیے اب سے پہلے ری سائیکل کرنا کبھی زیادہ اہم نہیں رہا۔

اسی لیے ہم آپ کے گھر میں ری سائیکل کرنے کا طریقہ تبدیل کر رہے ہیں، گلاسگو کی ری سائیکلنگ کی خدمات کو سکاٹش رہنمائی (کوڈ آف پریکٹس، جو چارٹر برائے گھریلو ری سائیکلنگ کی حمایت کرتا ہے) کے مطابق لا رہے ہیں اور دوسری کونسلوں کے ذریعے متعارف کرائی گئی تبدیلیوں کے ساتھ ہم آہنگ کر رہے ہیں۔

یہ بڑی تبدیلیاں آپ کے لیے ری سائیکل کرنا آسان بنائیں گی اور ہمارے ذریعے جمع کیے جانے والے ری سائیکلنگ کے معیار میں بڑا فرق پیدا کریں گی۔

## کیا بدل رہا ہے؟

- ہم آپ کو پلاسٹک، دھاتوں، کارٹن، نرم پلاسٹک اور فلم کی ری سائیکلنگ کے لیے ایک **نیا گرے بن** فراہم کر رہے ہیں۔
- پلاسٹک کی بوتلوں کے ساتھ ساتھ اب آپ اپنے نئے گرے بن میں دیگر اقسام کے پلاسٹک کو بھی ری سائیکل کر سکتے ہیں۔ **اس میں دہی کے برتن، مارجرین کے ٹب، کھانے کی ٹرے، نرم پلاسٹک اور پلاسٹک کی پتلی سی پرت شامل ہیں مثلاً پلاسٹک ریپنگ، کیریئر بیگ، پلاسٹک کی پتلی سی پرت کے ڈھکن۔**
- آپ کے **نیلے بن** کو اب صرف کاغذ، کارڈ اور گتے کو ری سائیکل کرنے کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے۔

**اپنے نیلے اور سبز بن کے ساتھ منسلک اسٹیکرز کو منسلک کرنا یاد رکھیں**



**تبدیل!** | **نیا!**

# آپ کی بہتر کچرے اور ری سائیکلنگ کی سروس

**گرے بن**

پلاسٹک، دھاتیں، کارٹن، نرم پلاسٹک اور پلاسٹک کی پتلی سی پرت



ہر 4 ہفتے بعد لے جایا جاتا ہے

**بلیو بن**

کاغذ، کارڈ اور گتے



ہر 4 ہفتے بعد لے جایا جاتا ہے

**جامنی بن**

شیشے کی بوتلیں اور جار



ہر 8 ہفتے بعد لے جایا جاتا ہے

**براؤن بن**

خوراک اور باغ کا کچرا



ہر 2 ہفتے بعد لے جایا جاتا ہے

**سبز بن**

کوئی بھی چیز جسے ری سائیکل نہیں کیا جاسکتا



ہر 3 ہفتے بعد لے جایا جاتا ہے

# صحیح طرح سے ری سائیکل کرنا

اس سے پہلے کہ آپ کے ہر ایک ری سائیکلنگ بن کو خالی کر دیا جائے، ہمارا بن اٹھانے والا عملہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے چیک کرے گا کہ ان میں کوئی غلط چیزیں تو نہیں ہیں۔

کونسل کو اشیاء کو سبز بن میں ٹھکانے لگانے کے لیے اس سے زیادہ رقم خرچ کرنا پڑتی ہے جتنا کہ وہ ان کو ری سائیکل کرنے کے لیے کرتی ہے۔ اگر شک ہو تو اسے چھوڑ دیں۔

## غلط اشیاء کیا ہیں؟

آپ کے ہر ری سائیکلنگ بن میں موجود کوئی بھی شے جو وہاں نہیں ہونی چاہیے، یا ایسی اشیاء جن کو دھویا نہیں گیا ہو یا جس میں کھانا یا مائعات ہوں۔

## کیا ہو گا؟

اگر آپ کے ری سائیکلنگ بن میں غلط چیزیں ہیں تو اسے خالی نہیں کیا جائے گا۔ ہم اسے ٹیگ کریں گے اور آپ سے کہا جائے گا کہ آپ اسے اپنے اگلے بن اٹھا کر لے جانے والے دن دوبارہ باہر رکھنے سے پہلے غلط چیزوں کو ہٹا دیں۔

اگر آپ غلط اشیاء کو اپنے ری سائیکلنگ بن میں ڈالنا جاری رکھیں گے تو اسے خالی نہیں کیا جائے گا، بن کو ٹیگ کیا جائے گا اور آپ کو ایک خط موصول ہو گا جس میں بتایا جائے گا کہ ہر بن میں کیا ری سائیکل کیا جا سکتا ہے۔

کونسل آفیسر آپ کی پراپرٹی کا دورہ کر سکتا ہے تاکہ اسے صحیح طریقے سے ری سائیکل کرنے کے بارے میں مزید مشورہ فراہم کیا جا سکے۔

اگر آپ اب بھی غلط اشیاء کو اپنے ری سائیکلنگ بن میں ڈالتے رہتے ہیں تو اسے وہاں سے اٹھا دیا جا سکتا ہے۔



# آپ کو پتہ ہونا چاہیئے...

## غلط ری سائیکلنگ والی چیزوں سے عام معافی

آپ کے نئے گرے ری سائیکلنگ بن کے ڈیلیور ہونے کے تقریباً 4 ہفتوں تک ہم ری سائیکلنگ کے تمام بن خالی کر دیں گے، **چاہے ان میں غلط اشیاء ہی کیوں نہ ہوں۔** ہم آپ کے ری سائیکلنگ بن کو ایک یاد دہانی کے طور پر ٹیگ کریں گے کہ اس میں غلط ری سائیکلنگ والی چیزیں ہیں۔ **معافی کی اس مدت کے بعد** غلط ری سائیکلنگ والی چیزوں والے کسی بھی ری سائیکلنگ بن کو ہمارے بن اٹھانے والے عملے کے ذریعہ ٹیگ کیا جائے گا **اور اسے خالی نہیں کیا جائے گا**- ہماری غلط ری سائیکلنگ والی چیزوں کی پالیسی لاگو ہو گی، جیسا کہ دوسرے صفحہ پر بیان کیا گیا ہے۔

## ایک سبز بن پالیسی



**فی گھرانہ ایک بن لے جایا جائے گا**

ہر گھر کو ناقابل ری سائیکل کچرے کے لیے **ایک سبز بن کی** اجازت ہے۔ براہ کرم اس کتابچے کے ساتھ منسلک اسٹیکر کو اپنے سبز بن کے ساتھ جوڑیں- یہ یقینی بنائے گا کہ اسے مستقبل میں خالی کیا جائے گا۔ آپ کے نئے گرے ری سائیکلنگ بن کے ڈیلیور ہونے کے تقریباً 4 ہفتوں تک ہم لے کر جانے کے لیے رکھے گئے تمام سبز بن کو خالی کر دیں گے- چاہے ان کے پاس اسٹیکر نہ ہو۔

معافی کی اس مدت کے بعد **اسٹیکر کے بغیر** لے کر جانے کے لیے رکھے گئے سبز بن کو **خالی نہیں کیا جائے گا**۔




ہر 4 ہفتے بعد لے جایا جاتا ہے

# پلاسٹک، دھاتیں، کارٹن، نرم پلاسٹک اور پلاسٹک کی پتلی سی پرت کے لیے اپنا گرے بن استعمال کریں



پلاسٹک کی بوتلیں




پلاسٹک کے برتن، ٹب اور ٹرے



پلاسٹک اور دھات کے ڈھکن اور اوپر والے حصے



ٹن اور کین



خالی ایروسول




صاف ایلومینیم ورق اور ایلومینیم ورق کی ٹرے



دھاتی اور پلاسٹک کے میٹھے اور بسکٹ کے ٹن




کھانے پینے کے کارٹن




نرم پلاسٹک اور پلاسٹک کی پتلی سی پرت
(جیسے پلاسٹک ریپنگ، کیریئر بیگ، پلاسٹک کی پتلی سی پرت کے ڈھکن)

ہم صرف ان چیزوں کو ری سائیکل کر سکتے ہیں جو صاف ہوں



**1** اپنی اشیاء کو دھو کر اور دبا کر پچکا کریں۔ لیبل ہٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔



**2** ان تمام اشیاء کو اپنے گرے بن میں کھلا رکھیں۔ براہ کرم انہیں پلاسٹک کے تھیلوں میں نہ ڈالیں۔



**3** براہ کرم بن اٹھا کر لے جانے والے دن صبح 7.00 بجے تک اپنے بن کو کربسائیڈ پر ہینڈل کو باہر والی سائیڈ کے ساتھ رکھیں۔

**براہ کرم درج ذیل میں سے کوئی بھی چیز اپنے گرے بن میں نہ رکھیں:**

- ✘ شیشہ
- ✘ پولیسٹیرین
- ✘ بیٹریاں
- ✘ برقی اشیاء
- ✘ تیل یا پینٹ کے ڈبے
- ✘ دھاتی برتن، پین یا ٹرے
- ✘ نیپیز
- ✘ ناقابل ری سائیکل کچرا



ہر 4 ہفتے بعد لے جایا جاتا ہے

# کاغذ، کارڈ اور گتے کے لیے اپنا نیلا بن استعمال کریں



اخبارات اور رسائل



لفافے اور غیر ضروری ڈاک



کٹے ہوئے کاغذ



کاغذ کی جلد والی کتابیں
(یا خیراتی ادارے کو عطیہ کریں)



گریٹنگ کارڈز اور ریپنگ پیپر



پیزا کے صاف ڈبے



انڈے کے ڈبے اور ٹوائلٹ
رول ٹیوب




سیریلز کے ڈبے اور کھانے کے پیکٹ



گتے کے ڈبے



**1** اپنے کارڈ اور گتے کو چپٹا کریں - یہ آپ کے بن میں جگہ بچانے میں مدد کرتا ہے۔



**2** ان تمام اشیاء کو اپنے نیلے بن میں کھلا رکھیں - براہ کرم انہیں پلاسٹک کے تھیلوں میں نہ ڈالیں۔



**3** براہ کرم بن اٹھا کر لے جانے والے دن صبح 7.00 بجے تک اپنے بن کو کربسائیڈ پر ہینڈل کو باہر والی سائیڈ کے ساتھ رکھیں۔

**براہ کرم درج ذیل میں سے کوئی بھی چیز اپنے نیلے بن میں نہ رکھیں: براہ کرم درج ذیل میں سے کوئی بھی چیز اپنے نیلے ڈبے میں نہ رکھیں:**

- ✘ کھانے یا مائع میں ڈھکی ہوئی اشیاء
- ✘ پلاسٹک کی بنی ہوئی اندر ڈالنے والی چیزیں، ڈبوں پر لپیٹنے والی شیٹ یا پولی اسٹیرین
- ✘ سیریلز کے ڈبوں میں پلاسٹک کے لفافے
- ✘ غیر ضروری ڈاک، اخبارات یا میگزین سے پلاسٹک ریپنگ
- ✘ پیڈ والے لفافے
- ✘ ٹشوز یا کچن میں استعمال ہونے والے ٹشو پیپر
- ✘ وال پیپر
- ✘ ڈسپوزایبل کافی کپ
- ✘ سخت جلد والی کتابیں
- ✘ ناقابل ری سائیکل کچرا

ہر 8 ہفتوں بعد لے جایا جاتا ہے

# اپنے جامنی رنگ کے بن کو شیشے کی بوتلوں اور جار کے لیے استعمال کریں






شراب اور اسپرٹ کی بوتلیں



بیئر اور سائڈر کی بوتلیں




کھانے والی چیزوں کے جار



جام جار



تیل اور سرکہ کی بوتلیں



ساسز کی بوتلیں



کافی کے جار



دوائی اور پرفیوم کی بوتلیں

آپ کی بوتلوں اور جار پر ڈھکن چھوڑے جا سکتے ہیں





1 اپنی بوتلوں اور جار کو ہلکا سا دھوئیں.



2 ان تمام اشیاء کو اپنے جامنی رنگ کے بن میں کھلا رکھیں۔ براہ کرم انہیں پلاسٹک کے تھیلوں میں نہ ڈالیں۔



3 براہ کرم بن اٹھا کر لے جانے والے دن صبح 7.00 بجے تک اپنے بن کو کربسائیڈ پر ہینڈل کو باہر والی سائیڈ کے ساتھ رکھیں۔

**براہ کرم درج ذیل میں سے کوئی بھی چیز اپنے جامنی رنگ کے بن میں نہ رکھیں:**

- ✘ کراکری، سیرامکس یا پائریکس
- ✘ کھڑکیاں یا آئینہ
- ✘ پینے کے گلاس
- ✘ روشنی کے بلب
- ✘ ناقابل ری سائیکل کچرا



ہر 2 ہفتے بعد لے جایا جاتا ہے

# کھانے اور باغ کے کچرے کے لیے اپنے براؤن بن کا استعمال کریں*

*باغ کا کچرا لے جانے کے لئے پرمٹ درکار ہے- آن لائن درخواست دیں




ٹی بیگز اور کافی کی تلچھٹ



پھل، سبزیاں اور چھلکے



گوشت، مچھلی اور ہڈیاں




انڈے اور انڈے کے چھلکے




ڈبل روٹی




چاول اور پاستا



گھاس اور باڑ کی کاٹی ہوئی ٹہنیاں



پھول، پتے اور جڑی بوٹیاں



چھوٹی شاخیں

یہ جاننے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جائیں کہ آپ مفت کیڈی لائنرز (کھانے کے کچرے کے لیے بن بیگ) کہاں سے لے سکتے ہیں۔



**1** کھانے کا کچرا اپنے کچن میں دیے گئے ری سائیکلنگ والے چھوٹے سے ڈبے (کیڈی) میں ڈالیں۔ براہ کرم صرف کمپوسٹ ایبل لائنر (کھاد بن جانے والے بیگ) استعمال کریں۔ جب تقریباً بھر جائے، اپنے بیگ کو باندھ کر اپنے براؤن بن میں رکھیں۔



**2** اگر آپ نے پرمٹ کے لیے ادائیگی کی ہے تو آپ اپنے براؤن بن کو باغ کے کچرے کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔



**3** براہ کرم بن اٹھا کر لے جانے والے دن صبح 7.00 بجے تک اپنے بن کو کربسائیڈ پر ہینڈل کو باہر والی سائیڈ کے ساتھ رکھیں۔

**براہ کرم درج ذیل میں سے کوئی بھی چیز اپنے براؤن بن میں نہ رکھیں:**

- ✘ باغ کا بڑا کچرا، جیسے درختوں کے تنے
- ✘ پلاسٹک کیریئر بیگ
- ✘ کھانے پینے کے برتن
- ✘ کھانے کی پیکیجنگ
- ✘ مائعات یا تیل
- ✘ مٹی، مصنوعی گھاس یا پتھر
- ✘ پالتو جانوروں کا فضلہ یا جانوروں کا بستر
- ✘ باغ کا فرنیچر
- ✘ کوئی دھات یا پلاسٹک
- ✘ ناقابل ری سائیکل کچرا

# میری ری سائیکلنگ کا کیا ہوتا ہے؟

ایک بار جب آپ کے ری سائیکلنگ بن اکٹھے ہو جاتے ہیں تو ان کو ری سائیکلنگ والی جگہوں پر چھانٹا جاتا ہے اور اس پر کارروائی کی جاتی ہے۔

ری سائیکلنگ کے عمل کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں اور اپنے سمارٹ فون پر اس QR کوڈ کو اسکین کر کے ہماری ویب سائٹ پر ویڈیوز دیکھیں۔

مجھے اسکین کریں

## گرے بن



پلاسٹک، دھاتیں، کارٹن، نرم پلاسٹک اور پلاسٹک کی ایک پتلی سی پرت کو چھانٹا جاتا ہے، لٹھے بنائے جاتے ہیں اور نئی مصنوعات بنانے کے لیے دوبارہ پروسیسنگ کے لیے بھیجا جاتا ہے۔




## بلیو بن



کاغذ اور گتے کے لٹھے بنائے جاتے ہیں، گودا اور نئے کاغذ اور گتے کی مصنوعات میں تبدیل کیا جاتا ہے۔



## جامنی بن



شیشے کو ایک پلانٹ میں لے جایا جاتا ہے جہاں اسے کچل دیا جاتا ہے، رنگ چھانٹا جاتا ہے، پگھلا کر شیشے کی نئی بوتلوں اور جار میں تبدیل کیا جاتا ہے۔



## براؤن بن



کھانے اور باغ کے کچرے کو ان ویسل کمپوسٹنگ (IVC) کی جگہ پر لے جایا جاتا ہے اور اسے کھاد میں تبدیل کیا جاتا ہے۔



## سبز بن



جس کچرے کو ری سائیکل نہیں کیا جا سکتا اسے گلاسگو ری سائیکلنگ اور قابل تجدید توانائی مرکز میں بھیجا جاتا ہے جہاں اس کے ساتھ نمٹا جاتا ہے اور جدھر عام کچرا گرایا جاتا ہے وہاں سے علیحدہ کیا جاتا ہے۔



# اضافی معلومات

## ری سائیکلنگ کے لیے آپ کا شکریہ

ری سائیکلنگ ایک ایسا طریقہ ہے جس سے ہم سب قیمتی وسائل کے تحفظ اور کاربن کے اخراج کو کم کرنے میں مدد کر سکتے ہیں-اگر ہر کوئی اپنا کردار ادا کرے تو ہم بڑا اثر ڈال سکتے ہیں۔ اسی لیے ہم نے آپ کے گھر پر ری سائیکل کرنے کے طریقے کو تبدیل کر دیا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ہم بہترین کوالٹی کی ری سائیکلنگ جمع کرتے ہیں۔ آپ ہر ری سائیکلنگ بن میں صحیح اشیاء ڈال کر اور یہ یقینی بنا کر ہماری مدد کر سکتے ہیں کہ یہ اشیاء صاف اور خشک ہوں۔

## اور کیا ہو رہا ہے؟

آپ کی کربسائیڈ ری سائیکلنگ سروس میں یہ بہتری شہر بھر میں رونما ہونے والی واحد تبدیلی نہیں ہے-ہم فی الحال فلیٹوں اور مکانات سے جمع کی جانے والی ری سائیکلنگ کی مقدار کو بڑھانے کے لیے ایک نئے کلیکشن سسٹم کی کوشش کر رہے ہیں، اور کوئنزلی میں ایک جدید ترین میٹریلز ری سائیکلنگ کی سہولت کی تعمیر پر کام کر رہے ہیں، جہاں اس سہولت کے کام کرنے کے بعد نیلے اور گرے ری سائیکلنگ ڈبوں کے مواد پر کارروائی کی جائے گی۔

## رسائی

درخواست پر یہ معلومات مختلف متبادل شکلوں اور کمیونٹی زبانوں میں دستیاب کرائی جا سکتی ہیں۔ اگر آپ اس کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں یا متبادل شکل یا زبان کی درخواست کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم **glasgow.gov.uk/twinstream** ملاحظہ کریں۔

مدد کے لیے اسکین کریں

## ہم سے رابطہ کریں

مزید معلومات کے لیے براہ کرم **glasgow.gov.uk/recycling** ملاحظہ کریں

ری سائیکل شدہ کاغذ پر چھپی ہوئی- براہ کرم ری سائیکل کریں

recycle for Glasgow
ath-chuairtich do Ghlaschu